نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

<u>دھان کے کاشتکار 20 مئی سے قبل پنیری ہرگز کاشت نہ کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب</u>

لاہور: **07 مئی 2026:** ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق دھان کے کاشتکار 20 مئی سے قبل پنیری ہرگز کاشت نہ کریں۔ترجمان نے مزید بتایا کہ پنجاب زرعی پیسٹ آرڈیننس 1959ء کے تحت دھان کی پنیری کی کاشت 20 مئی سے قبل ممنوع ہے کیونکہ دھان کے تنے کی سنڈیاں موسم سرما مڈھوں میں سرمائی نیند سو کر گزارتی ہیں اوران کے پروانے مارچ کے آخر اوراپریل کے شروع میں نکلتے ہیں اگر 20 مئی سے قبل پنیری کاشت کی گئی ہوتو یہ پروانے اس پر انڈے دے کر اپنی نسل کا آغاز کردیتے ہیں جو کہ علاقہ میں وبائی صورت بھی اختیار کر لیتے ہیں اور دھان کی فصل بری طرح متاثر ہونے کا باعث بنتے ہیں۔لہذٰا دھان کے کاشتکار قبل از وقت پنیری کی کاشت سے گریز کریں۔

☆☆☆☆